Entitlement Matrix Advertised in Local Newspaper

متاثرین نہر چشمہ رائٹ بنک مرحلہ نمبر 3 متوجہ ہوں!

اس سے پہلے بھی آپ کو اخباری اشتہارات اور دیگر ذرائع سے مطلع کیا جا چکا ہے کہ مرحلہ نمبر 3 کے متاثرین اپنے نقصانات کے ازالہ کے لئے "کمیٹی دادرسی و بحالیات متاثرین" کے قائم کردہ مراکز میں اپنی شکایات درج کرائیں۔ ایک مرکزی دفتر ڈیرہ اسماعیل خان میں بمقام سی آر بی سی واپڈا اسٹاف کالونی قائم کر دیا گیا ہے۔ جبکہ واپڈا سب کالونی تونسہ میں ایک سب آفس بنا دیا گیا ہے۔ اسی طرح ڈیرہ اسماعیل خان کی چار متعلقہ یونین کونسلوں تائیہ ملہ، پروآ، ماہڑہ، میرن اور تونسہ کی آٹھ یونین کونسلوں جلوہ والی، بھکانی، ممی قیصرانی، سورجھنگی، نازی شمالی، تونسہ شریف، ہیروادر سکول میں کمیٹی کی طرف سے "مراکز شکایات" بھی بنا دیئے گئے ہیں۔ جہاں عوام کی سہولت کیلئے سیکرٹری یونین کونسلز دفتری اوقات کے دوران متاثرین کی شکایات وصول کر کے رسید وصولی دے رہے ہیں۔

اس اعلان کے ذریعہ متاثرین کو مطلع کیا جاتا ہے کہ دادرسی کمیٹی نے متاثرین کے لئے مندرجہ ذیل حق تلافی نقصان منظور کیا ہے اور متاثرین کے حقوق کا معیار اس طرح سے منظور کیا ہے۔

استحقاقی معیار

نمبر شمار	تفصیل اشخاص متاثرین و قسم نقصان جس سے انکو واسطہ پڑا	جائز امداد کے مستحق اشخاص	پالیسی بابت معاوضہ
1	وہ لوگ جنکی قابل کاشت یا قابل کاشت رہائشی، کمرشل یا مشترکہ اراضی نہری تعمیر کے سلسلے میں مستقل طور پر انکے قبضے سے جاتی رہی	زمین کے قانونی مالکان	ان کو لینڈ ایکوزیشن ایکٹ کے تحت معاوضہ دیا جائیگا زمین کی قیمت کے علاوہ مجوزہ زمین حاصل کرنے کا معاوضہ اور قیمت کی ادائیگی میں دیری کا جرمانہ بھی شامل ہے
2	وہ لوگ جنکی اراضی میں تعمیر نہر کی وجہ سے کڑھے پڑنے کی وجہ سے مستقل نقصان ہوا۔	ایضاً	ان کی اراضی کو اس فعل میں واپس لایا جائیگا جس میں وہ نہری تعمیر سے قبل تھی۔
3	وہ لوگ جنکی زرعی اراضی تعمیر نہر کی وجہ سے تلف کر دی گئی۔	ایضاً	اپنے لوگوں کو پانی کی میرجلنا کیلئے زائد کہہ جات دیئے جائیں گے۔
4(i)	وہ لوگ جنکی اراضی زمین یا سائے کی ادائیگی یا کسی تعمیر نہر وغیرہ بنانے کی وجہ سے ہمیشہ کیلئے ضائع ہو گئی۔	(ا) قانونی مالکان۔ (ب) کاشتکاران اور مزارعین (ج) اجیران اراضی	(ا) قانونی مالکان۔ ان کو لینڈ ایکوزیشن ایکٹ کے تحت معاوضہ اس کے علاوہ ان کو مرمتی ایکڑ سرکاری اراضی دی جائے گی۔ (ب) کاشتکاران۔ ان کو فصلوں کی قیمت کی مد کے معاوضہ دیا جائیگا۔ (ج) اجیران۔ ان کو ان کے اجیر کی مقرر رسم میں سے جو مرمت تعمیر نہر کی وجہ سے ملی تھی اس کو مرمت کا پورا معاوضہ ادا کیا جائیگا۔
4(ii)	وہ لوگ جن کی مزروعی فصل وہ سائے یا پانی کی وجہ سے ضائع ہو گئی۔	کاشتکار جس نے فصل اگائی (مالک خود یا مزارع)	ہر فصل کے نقصان کا معاوضہ مرتبہ قیمت کے مطابق مالک اور مزارعہ دونوں کو دیا جائے گا۔
4(iii)	وہ لوگ جن کی مزروعی فصل وہ سائے یا پانی کی وجہ سے ضائع ہو گئی۔	قانونی مالک کاشتکار یا مزارع اجیر	نقد معاوضہ بقدر رسمی و بقدر اشتراک مزارعت دیا جائیگا۔
4(iv)	وہ لوگ جو نہر بننے سے قبل اس علاقہ سے کھاریاں، ایندھن، گھاس، پھل وغیرہ کھا کر اپنی امداد اپنے جانوروں کی خدمت کیلئے کچھ سامان زندگی حاصل کیا کرتے تھے	اپنے غریب و بے بس لوگ خاص طور پر بیوہ خواتین اور بے سہارا مزدور وغیرہ	اپنے غریب لوگوں کو ان کے مواشیات میں گھریلو استعمال کیلئے مفت پانی مہیا کیا جائے گا اور جو لوگ کھیتوں کے قریب جات والے جائیں گے ان کی بہتری کیلئے سوسائٹی کو کم شروع کرایا جائیگا۔
4(v)	وہ لوگ جن کا روزگار کاشتکاری کی وجہ سے خاص طور پر متاثر ہوا۔	اپنے متاثرہ اشخاص جن کا روزگار یا کاروبار عارضی طور پر متاثر ہوا۔	ان کو عارضی بحالی کاروبار کے طور کیلئے سرکاری مقرر کردہ نرخ اجرت کے مطابق معاوضہ دیا جائیگا۔

نوٹ: نہر سے مراد مرحلہ نمبر 3 میں واقع CRBC مطلب نہر کھالہ نہری نالہ سیلابی نالہ یا سیلابی بند ہے۔

نمبر شمار	تفصیل اشخاص متاثرین و قسم نقصان جس سے انکو واسطہ پڑا	جائز امداد کے مستحق اشخاص	پالیسی بابت معاوضہ
4(vi)	وہ لوگ جن کو کاروباری جگہ دوسری جگہ منتقل کرنا پڑی	وہ لوگ جن کو کاروبار دوسری جگہ منتقل کرنا پڑا	ایسے لوگوں کو جو دوکانوں کے طور کیلئے سرکار کے مقرر کردہ کرایہ کے مطابق رقم دی جائیگی۔
5	وہ لوگ جنکی پیداواری زرعی اراضی سے متعلقہ تعمیرات مثلاً کنویں، ٹیوب ویلز، کوٹھڑیاں، ہیچریز کے لئے باہر برآمد وغیرہ وجہ تعمیر نہر ضائع ہو گئے۔	لوگ جو متذکرہ تعمیرات پر ملکیت رکھتے تھے	ان کو نقد معاوضہ بر مطابق نقصان دیا جائیگا
6	وہ افراد جو پبلک سکول، کالج، ہسپتال، ڈسپنسری، پیچ کے پانی کی تعمیرات یا سڑکوں کی روانی وغیرہ کا نقصان ہوا ہے۔	نقصان سے متاثر ہونے والے ادارے، انجمنیں وایجنسیاں وغیرہ۔	ان کیلئے منصوبوں کا حکم العمل منظور کیا جائیگا۔
7(i)	جن کو اپنی ملکیت یا ہاری اور ان پڑھ اشخاص کو مکان، جگہ، کھیت یا دکانوں کے صدمہ وغیرہ کا نقصان ہوا ہے اور وجہ تعمیر نہر کی وجہ سے سیلابی نالہ اور نہر کی زد میں آئے ہیں۔	تعمیرات وغیرہ کے مالکان اور زمین اراضی کے مالک ہوں یا نہ	ایسے لوگوں کو نقصان کے لحاظ سے معاوضہ دیا جائیگا
7(ii)	ایسے لوگ جن کا پراجیکٹ کی وجہ سے آنے والے سیلاب کی وجہ سے متاثر ہوئے۔	تعمیرات کے مالکان یا نہ	تعمیر کا نقد معاوضہ، مشینری وغیرہ کو دوسری جگہ منتقل کرنے کے لئے دیا جائے۔
8(i)	وہ لوگ جنکے رہائشی گھر، رہنے کا مکان، نہری یا سیلابی نالہ یا سیلابی بند کی زد میں آئے ہوں۔	(ا) ایسے گھر والوں کے مالکان خواہ وہ زمین کے مالک ہوں یا نہ۔ (ب) کمرشل تعمیرات کے مالکان جو روزی کا کمی کرتے تھے اراضی کے مالک ہوں۔	ان کو ان کی تعمیرات کے نقصان کے لحاظ سے (ا) اس کا نقد معاوضہ دیا جائیگا۔ (ب) ان کو ان کی تعمیرات کا نقد معاوضہ ان کے مقام کے مطابق مرمت کیلئے دیا جائیگا۔ (ج) ان کو ان کی تعمیرات کے مالک ہوں یا نہ (ا) اس کو ان کی تعمیرات کے مطابق دیا جائیگا
8(ii)	مکانات جو سیلاب سے متاثر ہوئے یا پراجیکٹ کے پیدا کردہ سیلابی علاقہ میں ہوں۔	(ا) مکانات تعمیرات کو اور زمین کے مالک ہوں یا نہ (ب) مکانات تعمیرات جو صرف سیلابی علاقہ میں مالک زمین ہوں (ج) مالک تعمیرات جو روزی یا کمرشل اراضی کے مالک نہ ہوں۔	(ا) ان کو ان کی تعمیرات کا نقد معاوضہ دیا جائیگا۔ (ب) ان کو ان کی تعمیرات کا نقد معاوضہ دیا جائیگا۔ (ج) ان کو ان کی تعمیرات کا نقد معاوضہ دیا جائیگا۔ (د) ان کو ان کی تعمیرات کا نقد معاوضہ دیا جائیگا۔
9	وہ لوگ جو عارضی طور پر بے گھر ہوئے یا ان کا روزگار متاثر ہوا۔	قانونی مالکان	ایسے متاثرین کیلئے سیلاب کی وجہ سے عارضی طور پر بے گھر ہوئے یا ان کا روزگار متاثر ہوا ان کو عارضی طور پر بحالی کیلئے مقرر کردہ نرخ اجرت کے مطابق معاوضہ دیا جائیگا۔

اہم نوٹ

تمام متاثرین جو درج بالا زمرہ میں آتے ہیں ان کو رعایت عام ہے کہ وہ اپنی شکایات اپنے حق کے مطابق 31 اگست 2003ء تک ضرور رجسٹر کرائیں۔ درخواستیں بنام "کمیٹی دادرسی و بحالیات متاثرین" واپڈا اسٹاف کالونی ڈیرہ اسماعیل خان یا دیگر مذکورہ بالا "مراکز شکایات" میں دستی یا بذریعہ ڈاک ارسال کی جا سکتی ہیں۔

اس کے علاوہ بھی اگر کسی کو نہر، کھالہ، نہری نالہ، نمبر سے پیدا شدہ سیلابی نالہ، ارین کی وجہ سے کوئی نقصان ہوا ہو یا ان کیلئے گئے رقبہ یا درختان وغیرہ کا معاوضہ نہ ملا ہو یا کسی قسم کا ماحولیاتی نقصان ہوا ہو تو اس کے بارے میں بھی اپنی شکایات درج کرا سکتے ہیں۔ اسکے علاوہ اگر پانی نہ ملنے یا پانی کی نکاس سے کوئی مسئلہ ہو تو وہ بھی بذریعہ شکایت درج کرایا جا سکتا ہے، نیز اگر معاوضہ زمین یا جرمانہ دیری ادائیگی معاوضہ نہ ملا ہو تو اس کی بھی شکایت درج کرائی جا سکتی ہے۔ لیکن وہ لوگ جنہوں نے قانون حصول اراضی کے تحت بغیر اعتراض معاوضہ وصول کر لیا ہے وہ شکایات درج کرانے کے اہل نہیں ہیں۔

المشتہر: کمیٹی دادرسی و بحالیات متاثرین چشمہ رائٹ بنک نہر مرحلہ نمبر 3 دفتر واقع سی، آر، بی، سی واپڈا اسٹاف کالونی ڈیرہ اسماعیل خان